دی بینک آف پنجاب
پریس ریلیز

"PACRA نے دی بینک آف پنجاب کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کرتے ہوئے AA کردی"

لاہور: بینک کی مستحکم ہوتی مالیاتی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے PACRA نے بینک کی طویل مدتی ریٹنگ "AA" کردی جب کہ مختصر مدتی ریٹنگ بلند ترین سطح "A1+" پر ہے۔ یہ ریٹنگز انتہائی کم درجہ کے کریڈٹ رسک کے امکان اور مالیاتی وعدوں کی بروقت ادائیگی کے لیے بہت مظبوط صلاحیت کو ظاہر کرتی ہیں۔

جب کہ دی بینک آف پنجاب نے پچھلے چند سالوں میں اچھے مالیاتی نتائج اور بہتر ہوتے ہوئے آپریشنز کے ذریعے اپنی ترقی کا سفر جاری رکھا اور بینک کی شاندار کامیابیوں کو تمام اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے سراہا گیا ہے۔

پچھلے چند سالوں میں موجودہ انتظامیہ کو ورثہ میں ملنے والے غیر پیداواری قرضاجات میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ علاوہ ازیں بہتر شرحِ منافع کمانے اور رسک پروفائل کو مدنظر رکھتے ہوے بینک کے قرضہ جات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اسی دوران صارفین کو متوجہ کرتے ہوئے کم شرحِ منافع والے ڈیپازیٹس میں اضافہ کیا جارہا ہے۔

سابقہ انتظامیہ کی جانب سے دیئے گئے غیر فعال قرضہ جات کی وجہ سے مالیاتی ساکھ متاثر ہونے کے بعد موجودہ انتظامیہ کی جانب سے ادارے کی بحالی کے لیئے کیے گئے اقدامات قابل ذکر ہیں۔ جب بینک کی موجودہ انتظامیہ نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو بینک کی مالیاتی ساکھ انتہائی خراب تھی۔ غیر فعال اثاثہ جات، منفی عوامی تاثر اور تیزی سے کم ہوتے ڈیپازیٹس کی وجہ سے بینک بنیادی قانونی ضروریات پورا کرنے سے قاصر تھا۔ اس وقت بینک کی کریڈٹ ریٹنگ روک لی گئی تھی جو کہ بعد ازاں منفی رجحان کے ساتھ کم کردی گئی۔ جو کہ بہت کمزور مالیاتی صورت حال کو ظاہر کرتی تھی۔

بینک کے صدر جناب نعیم الدین خان کی سربراہی میں موجودہ انتظامیہ کے ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد بینک کی ساکھ بہتر ہونی شروع ہوئی اور سٹیٹ بینک آف پاکستان کی راہنمائی اور حکومتِ پنجاب کے زیرِ نگرانی بینک کی بحالی کا عمل شروع کیا گیا۔ نئی انتظامیہ نے میرٹ اور شفافیت کی روایات کو فروغ دیا اور افرادی قوت میں ایک نیا جذبہ پیدا کیا تاکہ وہ لگن کے ساتھ مقرر کیئے گئے اہداف کو حاصل کر سکیں۔

بہتر مارجن حاصل کرنے کے لیے بینک نے کم لاگت کے ڈیپازیٹس میں بتدریج اضافے, نئی خدمات متعارف کروانے اور انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں قرضہ جات میں اضافے کی حکمت عملی اختیار کی جس کی وجہ سے بینک کے منافعے میں گزشتہ چند سالوں کے دوران قابل ذکر اضافہ ہوا ہے۔ بینک کی مستحکم مالیاتی ساکھ انتظامیہ کی جانب سے پیشہ ورانہ اقدامات کو ظاہر کرتی ہے جن کی توثیق PACRA کی جانب سے ادارے کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کرنے سے ہوتی ہے۔

اس وقت بینک کی 415 آن لائن برانچیں ملک بھر میں خدمات مہیا کر رہی ہیں جب کہ بینک کے ڈیپازیٹس کی مالیت 400 ارب روپے سے زائد ہے۔ ترقی کی موجودہ شرح کو برقرار رکھتے ہوئے بینک آئندہ سالوں میں مزید کامیابیاں حاصل کرنے کے لیئے کوشاں ہے اور ایک انتہائی روشن مستقبل بینک کا منتظر ہے۔